
معتمدِ اعلیٰ، سندھ



# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ، روم

برائے ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

نیز ——— شریک معتمد، ثقافت ڈویژن، اسلام آباد۔

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— اور نمبر ——— مورخہ ——— استدعا کی گئی تھی کہ ثقافتی طائفے کے پاس، پاکستان واپس جاتے ہوئے ایک رات روم میں قیام کرنے کے لیے رقم نہیں۔ اخراجات ادا کرنے کی اجازت دی جائے۔ ان کے قیام، خوراک اور ٹرانسپورٹ کے لیے رقم کی ادائیگی ناگزیر ہے۔ یہ انتظامات کم سے کم رقم میں کیے جائیں گے۔ جلد مطلع فرمائیے۔

# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ ، بون

برائے ——— وزارتِ ثقافت وسیاحت، کھیل وامورِ نوجوانان، اسلام آباد۔

(از سفیر بخدمت جناب ——— معتمد)

نمبر ——— مورخہ ———

تقریب یومِ پاکستان پورے اہتمام سے منانے کے لیے پاکستان کی نمائندہ تصاویر کی ایک نمائش بون میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہم نے ثقافت ڈویژن اور وزارتِ خارجہ سے رابطہ قائم کیا۔ ثقافت ڈویژن نے اپنے مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— سے تصاویر بھیجنے کے فیصلے کی اطلاع دی۔ ہم نے گزارش کی تھی کہ ہمیں بذریعہ ٹیلکس مطلع کیا جائے تاکہ ہال کی بکنگ، تشہیر اور دعوت ناموں کے اجرا کا کام بروقت کیا جا سکے۔

مغربی جرمنی میں کسی تقریب کے لیے کم از کم چھ ماہ پہلے ہال کی بکنگ کرائی جاتی ہے اگر اس امر کی تصدیق نہ کی گئی کہ نمائشی تصاویر کم از کم ایک ماہ پہلے بھیج دی جائیں گی تو ہال کی بکنگ ممکن نہ ہوگی۔ معاملے میں ذاتی دلچسپی لیں۔ توثیق کریں کہ پاکستانی تصاویر مورخہ ——— تک بھیج دی جائیں گی۔



# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ ، دمشق

برائے ——— وزارتِ خارجہ ، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

(قونصلر ——— بخدمت: ناظمِ اعلیٰ ادارۂ ثقافتِ پاکستان)

نقل برائے ١۔ ناظم، وزارتِ خارجہ، اسلام آباد۔

٢۔ جناب ——— نائب معتمد، ثقافت ڈویژن، اسلام آباد۔

بحوالہ دمشق میں پاکستانی خطاطی کی نمائش۔ شام کی وزارتِ ثقافت نے نمائش کے لیے مندرجہ ذیل پروگرام دیا ہے:

١۔ دمشق ——— تا

٢۔ حمص ——— تا

٣۔ حلب ——— تا

٤۔ انطاکیہ ——— تا

نمائش کا سامان جلد بھیجیے تاکہ پوسٹروں اور فہرستوں کی تیاری بروقت کی جا سکے۔ ترسیل کی تاریخ ٹیلکس سے بتائیے۔

# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ، بون

برائے ——— ثقافت و کھیل ڈویژن، اسلام آباد

نیز ——— ناظمِ اعلیٰ، وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ ثقافتِ پاکستان، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— نمائش کے تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے تھے۔ آپ کی طرف سے تنسیخ کی اطلاع نے ہمارے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ اب تصاویر کی نمائش یومِ آزادی کی تقریبات میں شامل ہو گی۔ جولائی کے آخر تک تصاویر ارسال کر دیں۔ تصاویر کی فہرست، تاریخیں، قیمتیں، مصوروں کے نام اور کتابچے پہلے بھیج دیں۔ معاملے کی پیش رفت سے آگاہ کریں۔

پریس قونصلر



# ٹیلکس

از ——— ثقافت ڈویژن

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، بون

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— جو بون بھیجے جانے والے فنکاروں کے کیسٹ اور وڈیو فلموں کی ترسیل کے بارے میں تھا۔ متعلقہ ادارے نے بتایا ہے کہ ان فنکاروں کی وڈیو فلم نہیں ہے۔ تاہم اُن کے تفصیلی کوائف اور مجوزہ پروگرام کی تفصیل آپ کو بھیجی جا چکی ہے۔

نائب معتمد

# ٹیلکس

از ــــــ ثقافت ڈویژن ، اسلام آباد

برائے ــــــ پاکستانی سفارت خانہ ، پیانگ یانگ ۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ــــــ مورخہ ــــــ ۔ پیانگ یانگ میں منعقد ہونے والے موسم بہار کے میلے میں جو مورخہ ــــــ سے شروع ہو رہا ہے تین ارکان پر مشتمل ایک وفد بھیجا جائے گا جو جناب ــــــ بیگم ــــــ اور محترمہ ــــــ پر مشتمل ہو گا ۔ متعلقہ حکام کو اطلاع دیں ، مندرجہ بالا ارکان کی مقامی مہمان نوازی کا اطمینان کر لیں (د)



# ٹیلکس

از ــــــ ثقافت ڈویژن ، اسلام آباد

برائے ــــــ پاکستانی سفارت خانہ ، پیانگ یانگ ۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ــــــ مورخہ ــــــ موسم بہار کے میلے میں پاکستان کی شمولیت ۔ شمالی کوریا کے سفیر نے اطلاع دی ہے کہ مقامی منتظمین ہمارے فن کاروں کو موسیقار مہیا کریں گے ۔ اس لیے تین فن کاروں کے ساتھ کوئی موسیقار نہیں بھیجا جا رہا تاہم گیتوں کے لیے موسیقی کے اشارات اور تراقیم بذریعہ بیگ بھیجے جا رہے ہیں تاکہ مقامی آرکسٹرا اُن کے مطابق تیاری اور مشق کر سکے ۔

ثقافت ڈویژن

# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ، پیانگ یانگ

برائے ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

(از سفیر ——— بخدمت معتمد ثقافت وکھیل ڈویژن)

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— تین فن کاروں کے ساتھ موسیقار آرہے ہیں یا نہیں، تصدیق فرمائیں۔



# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ، بون

برائے ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

نیز ——— ثقافت ڈویژن، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— بابت بون اور دوسرے شہروں میں پاکستانی ثقافتی وفد کی مقامی مہمان نوازی کے انتظامات (۔) مقامی وزارتِ خارجہ کے حکام سے رابطہ قائم ہے۔ انتظامات مکمل ہونے پر مطلع کردیا جائے گا۔

# ٹیلکس

از ——— پاکستانی سفارت خانہ، بون

برائے ——— ثقافت و کھیل ڈویژن، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

(از پریس قونصلر/ بخدمت جناب نائب معتمد)

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— بابت دورہ پاکستان ثقافتی وفد میں شامل فن کاروں کے کیسٹ اور وڈیو فلمیں جلد بھیجیں تاکہ مناسب تشہیر کی جا سکے۔

پریس قونصلر



# ٹیلکس

از ——— ثقافت و کھیل ڈویژن، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، بون۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— افسوس ہے کہ اس مرحلے پر اتنی تاخیر سے نمائش کی ترسیل نہیں کی جا سکتی۔ ایسی نمائش نقائص سے پاک ہونی چاہیے خاص طور پر جب یہ وزیراعظم کے دورے کے ساتھ مربوط ہو۔ جلدی میں ترتیب دی جانے والی نمائش سے مطلوبہ مقاصد حاصل نہیں ہوں گے۔

ثقافت ڈویژن

# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ـــــ پاکستانی سفارت خانہ، بون۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو وزیرِ اعظم کے دورے کے دوران پاکستانی تصاویر کی نمائش کے بارے میں تھا۔ ثقافت ڈویژن، اسلام آباد نے مطلع کیا ہے کہ بوجہ قلتِ وقت، نمائش منسوخ کر دی گئی ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ، موسمیاتی خدمات، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

اسکیپ / ڈبلیو ایم او (ESCAP/WMO) پینل کا بارہواں اجلاس نمبر ـــــ بحوالہ نمبر ـــــ (پیرا ۱۵) مورخہ ـــــ غیر ملکی شرکا کی فہرست کو الف کا انتظار ہے۔ جلد بھیجیے۔

# ٹیلکس

از ——— کمشنر اعلیٰ، برائے افغان مہاجرین، اسلام آباد
بخدمت ——— ناظم (سی وایف) کمشنری، بلاک نمبر ———
کمرہ نمبر ——— پاکستان سیکرٹریٹ، کراچی۔
نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ نمبر ——— مورخہ ——— بابت بجٹ دستبرداری ——— ۱۹ ء۔
مال خانہ کے اعداد و شمار فوراً بھیجیے۔ ہر مد کے تحت اب تک کا خرچ بھی بتائیں۔



# ٹیلکس

از ——— نائب معتمد کابینہ سیکرٹریٹ، راولپنڈی
بخدمت ——— معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سندھ، کراچی۔
نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ کابینہ سیکرٹریٹ، معتمد کا نیم سرکاری مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— اور مراسلہ یاد دہانی نمبر ——— مورخہ ——— بابت پروگرام یوم آزادی ——— ۱۹ء۔ اپنی حکومت کی رائے سے جلد مطلع فرمائیں۔

# ٹیلکس

از —— ہوا بازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت —— ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوا بازی، کراچی

نیز —— ناظمِ اعلیٰ، ملٹری سیکورٹی، کراچی

نیز —— کمانڈار ایئرپورٹ سیکورٹی فورس، کراچی۔

نمبر —— مورخہ ——

وزارتِ مالیات، ہوا بازی ڈویژن اور اس کے ماتحت محکموں/تنظیموں کے زرِ مبادلہ کے میزانیہ، رواں اخراجات برائے سال —— ۱۹ء مالیات ڈویژن، اسلام آباد مورخہ —— بروز بدھ زیرِ غور لائے گا۔ پہلے سے زرِ مبادلہ کا میزانیہ نہ بھیجنے کی صورت میں فوری بھیجنے کی گزارش کی جاتی ہے۔



# ٹیلکس

از —— ہوا بازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت —— ناظمِ اعلیٰ، شہری ہوا بازی ڈویژن، کراچی

توجہ —— ناظمِ منصوبہ

نمبر —— مورخہ ——

بحوالہ مراسلہ نمبر —— مورخہ —— جو منصوبہ بندی اور ترقیات ڈویژن کے —— کے بارے میں آراء/اعتراضات کے بارے میں ہے۔ مطلوبہ معلومات جلد فراہم کریں۔

# ٹیلکس

از ـــــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

توجہ ـــــــ ناظمِ منصوبہ

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ جو اسلام آباد اور لاہور کے ہوائی اڈوں کے بارے میں پیرس کے ہوائی اڈے کے مطالعہ امکان پذیری پر منصوبہ بندی اور ترقیات ڈویژن کے تبصرے / آراء پر مشتمل تھا۔ منصوبہ بندی کمیشن کی طرف سے مطلوبہ معلومات تاحال موصول نہیں ہوئیں۔ جلد بھجوائیں۔



# ٹیلکس

از ـــــــ ہوابازی ڈویژن

بخدمت ـــــــ منتظم اعلیٰ (عملہ)

ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ انٹیلی جنس بیورو کی راہداری اور جناب ـــــــ کے ٹیلکس مورخہ ـــــــ کی نقول تاحال وصول نہیں ہوئیں۔ جلد ارسال فرمائیں۔

# ٹیلکس

از ــــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ــــــ فورس کمانڈر ، ایئر پورٹ سیکورٹی فورس ، کراچی۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــ مورخہ ــــــ جو وزیر مالیات کی میزانیہ تقریر برائے سال ــــــ ۱۹ء کے مواد کے بارے میں تھا مواد جواب جلد بھجوائیں۔



# ٹیلکس

از ــــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ــــــ ناظمِ اعلیٰ ، ادارۂ شہری ہوابازی ، کراچی

نیز ــــــ ناظمِ اعلیٰ ، ملٹری سیکورٹی ، کراچی

نیز ــــــ فورس کمانڈر ، ایئر پورٹ سیکورٹی فورس ، کراچی۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

زرِ مبادلہ کے میزانیہ ( رواں اخراجات ) برائے سال ــــــ ۱۹ء کے بارے میں اس ڈویژن کے ٹیلکس نمبر ــــــ مورخہ ــــــ کی طرف رجوع کریں۔ مالیات ڈویژن نے اطلاع دی ہے کہ وہ زرِ مبادلہ کا میزانیہ ( رواں اخراجات ) برائے سال ــــــ ۱۹ء پر مورخہ ــــــ بروز بدھ صبح دس بجے کیو بلاک میں غور کرے گا۔ حسبِ ضابطہ شرکت فرمائی جائے۔

# ٹیلکس

از ——— ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ——— ناظمِ اعلیٰ ، ادارۂ شہری ہوابازی ، کراچی ۔

توجہ ——— گروپ کیپٹن ——— منتظمِ اعلیٰ (تربیت)

نمبر——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— جناب ——— اور جناب ——— کے کاغذاتِ نامزدگی اقتصادی امور ڈویژن نے یو۔ این۔ ڈی۔ پی کو بھیج دیے ہیں۔ بنکاک دفتر سے منظوری آتے ہی اہلکاروں کو بھیجنے کے ضروری انتظامات کریں۔



# ٹیلکس

از ——— ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ——— نائب ناظم ، ایئرپورٹ سیکورٹی فورس

صدر مقام ، کراچی۔

نمبر——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— جو طلبا کی خواندگی مہم مورخہ ——— تا ——— کے بارے میں تھا۔ تاحال اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ فوری جواب۔

# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

ادارۂ شہری ہوابازی کے ضمن میں وزیر خزانہ کی آئندہ بجٹ تقریر کے لیے مالی معلومات، مالیات ڈویژن کو فراہم کی جاتی ہیں۔ مطلوبہ معلومات جلد بھیجیں۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

برائے ـــــ پی۔آئی۔اے کارپوریشن ، کراچی۔

(جناب ـــــ ناظمِ عمل کاری)

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو بھارت، جنوبی افریقہ اور تائیوان کی قومیتوں پر مشتمل سنگاپور ہوائی کمپنی کے عملے کو ویزا کی سہولیات دینے کے بارے میں تھا۔ پی۔آئی۔اے کا نکتۂ نظر جلد بھیجیں۔ از حد ضروری۔

# ٹیلکس

از ــــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ــــــ ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوا بازی ، کراچی

نیز ــــــ ناظمِ انتظامی ، ہوائی اڈہ ترقیاتی ایجنسی (محدود) کراچی۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــ مورخہ ــــــ یاددہانی نمبر ــــــ مورخہ ــــــ جو تُربت کے رن وے کی مضبوطی اور فیڈر سروس آپریشن کے لیے بستی میں ہوائی اڈے کے قیام کے لیے پی ۔ سی ۔ I فارم پر معلومات کی فراہمی کے بارے میں تھا۔ موصول نہیں ہوا۔ جلد بھیجیے۔



# ٹیلکس

از ــــــ ڈپٹی انسپکٹر جنرل / افسر بکارِ خاص
(سیکورٹی) کابینہ سیکرٹریٹ ، راولپنڈی

بخدمت ــــــ معتمد داخلہ ، حکومتِ سرحد ، پشاور۔

نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

پاکستان کے سول اعزازات حاصل کرنے والے کچھ غیر ملکی باشندے نے جو صدر پاکستان کے مہمان کی حیثیت سے آرہے ہیں۔ درۂ خیبر اور پاکستان کے دیگر قابلِ دید مقامات دیکھنے کے خواہش مند ہیں۔ تفصیلی پروگرام بعد میں بتایا جائے گا۔ ان کے لیے پولیس کا مناسب حفاظتی دستہ مہیا کریں۔

# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ دفاع، ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ افسرِ مالیات، پی۔آئی۔اے، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو مرکزی حکومت کے بعض ملازموں کو حاصل رعایت کی پی۔آئی۔اے کو باز اداِئی کے بارے میں تھا۔ مفصل معلومات فراہم کریں اور بلوچستان میں کام کرنے والے وفاقی ملازمین کی تفصیل جو پی۔آئی۔اے کی پروازوں میں رعایت حاصل کر رہے ہیں۔ از حد ضروری۔



# ٹیلکس

از ـــــ نائب معتمد، ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظم (عمل کاری) ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

یہ درست ہے کہ میانوالی - بھاگٹانوالہ علاقے میں پی۔آئی۔اے کی پروازیں بجانب راولپنڈی ۲۶۴ ناٹیکل میل ڈاگ لیگنگ کے ذریعے نہیں برداشت کرسکتیں۔ تاہم یہ بھی ذہن میں رہے کہ پاکستان فضائیہ میانوالی سے بھاگٹانوالہ میں براہِ راست داخلے کی اجازت نہیں دے سکتی جس کی وجوہ واضح ہیں۔ براہ کرم پاکستان فضائیہ سے مشورہ کر کے مسئلہ کا حل تلاش کریں تاکہ ڈاگ لیگنگ (DOG-LEGGING) کم ہوسکے اور پی۔آئی۔اے کو قابلِ قبول ہو۔

# ٹیلکس

از ــــــــ ہوا بازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ــــــــ ناظمِ انتظامی، ہوائی اڈہ ترقیاتی ایجنسی (محدود)، کراچی۔

نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ جو ایئرپورٹ سیکورٹی فورس کے لیے ہوائی اڈہ ترقیاتی ایجنسی کو رقوم کی فراہمی کے بارے میں تھا۔ فورس کمانڈر کو اپنی تجویز بھیجیں تاکہ متعلقہ وزارت کو پیش کی جا سکے۔



# ٹیلکس

از ــــــــ ہوا بازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ــــــــ گروپ کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب ناظم (انتظامیہ)
ادارۂ شہری ہوا بازی ، کراچی۔

نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــــ مورخہ اور یاددہانی مورخہ ــــــــ جو یوم آزادی ۸۵ء کے سول اعزازات کی سفارشات کے بارے میں تھا۔ اگر کوئی سفارشات ہوں تو جلد اس ڈویژن ہذا کو بھیجیں۔

# ٹیلکس

از ـــــ شریک معتمد (ہوابازی ۱۱)

ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ منتظم اعلیٰ (جائداد)

ادارۂ شہری ہوابازی ، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

اثاثہ جات و رقوم کے بارے میں آئندہ اجلاس صدر دفتر ادارۂ شہری ہوابازی کراچی میں مورخہ ـــــ کو منعقد ہوگا ۔ متعلقہ افراد کو شرکت کی ہدایت کریں۔



# ٹیلکس

از ـــــ مہتمم انجینیر، محکمۂ تعمیراتِ عامہ، اسلام آباد

بخدمت ـــــ انجینیر اعلیٰ (جنوبی) محکمہ تعمیراتِ عامہ، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور ٹیلکس نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو ادارۂ بلدیاتی تربیت و تحقیق کی تعمیر کے بارے میں تھا ۔ رپورٹ تاحال موصول نہیں ہوئی ۔ فوراً فراہم کریں۔

# ٹیلکس

از ـــــ افسرِ حسابات، کابینہ سیکرٹریٹ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ نائب ناظم، کابینہ سیکرٹریٹ، کراچی۔

مورخہ ـــــ نمبر ـــــ

بحوالہ غیر رسمی کیفیت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور ٹیلکس نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اپنے نظرثانی شدہ تخمینہ ـــــ ۱۹ء اور میزانیہ کے تخمینوں ـــــ ۱۹ء کے لیے باضابطہ ترامیم مع متعلقہ اندراجات اگر ضروری ہوں، جاری کردیں۔ نظرثانی شدہ تخمینہ ـــــ ۱۹ء میں مد "اشیا خدمات۔ نقل وحمل" کے تحت ذاتی سفر خرچ میں رقم مبلغ ـــــ ہے نہ کہ مبلغ ـــــ جیسا کہ آپ کے دفتر کا موقف ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ نائب ناظم، ایئرپورٹ سیکورٹی فورس

صدر مقام، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مؤرخہ ـــــ جو وفاقی سول ملازمین کی تنخواہوں کے بنیادی پیمانۂ تنخواہ اور ضمنی مراعات ۸۲ء کے بارے میں تھا، مطلوبہ اطلاع تاحال موصول نہیں ہوئی۔ جلد بھجوائیں۔

# ٹیلکس

از ـــــــ افسرِ صیغہ (عمومی) تعمیرات ڈویژن، اسلام آباد
بخدمت ـــــــ نائب نگران کار، محکمۂ سامان تحریر و فارم، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔
نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ یاد دہانی مورخہ ـــــــ اور نائب نگران کار جناب ـــــــ کے ساتھ اسلام آباد میں مورخہ ـــــــ کی گفتگو جو اس ڈویژن کو سامانِ تحریر کی فراہمی کے بارے میں تھی۔ خیال ہے کہ مسلوں کے فلیپ آپ کے گودام میں موجود ہیں۔ کام میں ہرج ہو رہا ہے۔ جلد بھجوائیں۔



# ٹیلکس

از ـــــــ افسرِ صیغہ (عمومی) کابینہ سیکرٹریٹ، راولپنڈی
بخدمت ـــــــ معاون ناظم (رسد) وزارتِ صنعت
نظامت انجینئرنگ، کراچی۔
نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ گاڑی کی فراہمی کا انتظام جلد کرائیں۔ دفتری کام میں ہرج ہو رہا ہے۔

# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ ادارہٗ شہری ہوا بازی، کراچی۔

توجہ ـــــ منتظمِ اعلیٰ ( جائداد )

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور یاد دہانی مورخہ ـــــ جو جناب ـــــ کی اس شکایت کے بارے میں تھا جو وفاقی محتسب کے ہاں منتظم ہوائی اڈہ "سید و شریف" کے خلاف پلاٹ پر ہوائی اڈہ کی تعمیر کے خلاف کی گئی تھی ۔ مطلوبہ رائے ابھی تک نہیں موصول ہوئی ۔ جلد بھجوائیے ۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظم اعلیٰ ادارہ شہری ہوابازی ، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ ٹیلکس پیغام نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور یاد دہانی مورخہ ـــــ جو جناب ـــــ کی وفاقی محتسب کو دائر کردہ شکایت بابت معاوضہ زمین یا واپسی زمین کے بارے میں تھا۔ ابھی تک مطلوبہ آرا موصول نہیں ہوئیں ۔ جلد بھجوائیں۔

# ٹیلکس

از ——— ہوا بازی ڈویژن ، راولپنڈی
بخدمت ——— ناظم اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوا بازی ، کراچی۔
نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— اور یاددہانی مورخہ ——— بو منظم ہوائی اڈہ سیدو شریف کے خلاف ، تعمیری کام روکنے کے ضمن میں بجناب ——— سوات کی طرف سے وفاقی محتسب کے ہاں دائر کردہ شکایت کے بارے میں تمارا مطلوبہ رائے تاحال موصول نہیں ہوئی ۔ جلد بھجوائیے۔



# ٹیلکس

از ——— وزارت سائنس و ٹیکنالوجی ، اسلام آباد
بخدمت ——— اضافی حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان ، کراچی۔
نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ دفتری یادداشت نمبر ——— مورخہ ——— مالیات ڈویژن کی "وسائل وذرائع اجازت" کے اصل احکام حساب دارِ اعلیٰ محاصلِ پاکستان اسلام آباد کو پہنچا دیے گئے تھے اور نقل بحوالہ مراسلہ وزارتِ ہٰذا نمبر ——— مورخہ ——— برائے ضروری کارروائی آپ کو تظہیر کردی گئی تھی ۔ اپنے دائرۂ محاسبی میں واقع کونسلوں/اداروں کو چوتھی سہ ماہی کے لیے ضروری رقوم جاری کردیں اور اس وزارت کو مطلع کردیں ۔ شبہے کی صورت میں حساب دارِ اعلیٰ اسلام آباد / مالیات ڈویژن سے براہِ راست رابطہ قائم کریں ۔ مزید تاخیر سے کونسلوں کے لیے یکم کو تنخواہ کی ادائیگی مشکل ہو جائے گی۔

# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی
برائے ـــــ ادارۂ شہری ہوابازی ، کراچی۔
(بجناب ـــــ ناظمِ عمل)

بحوالہ پاکستان اور بھارت کے درمیان اے۔ ایس۔ اے کے تحت مشاورت کے بارے میں مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ وزارتِ خارجہ نے بتایا ہے کہ متعلقہ بھارتی حکام زیرِ التوا مسائل پر ادارۂ شہری ہوابازی کے ساتھ اپریل ـــــ ۱۹ء کے آخری ہفتے میں نئی دہلی میں بات چیت کر سکیں گے۔ اگر یہ تاریخ مناسب نہیں ہے تو متبادل تاریخ فوراً بتائی جائے۔ پاکستانی وفد کی تشکیل اور زیرِ بحث آنے والے مسائل پر بریف اس ڈویژن کو فی الفور ارسال کیا جائے۔



# ٹیلکس

از ـــــ نائب معتمد، کابینہ سیکرٹریٹ ، راولپنڈی
بخدمت ـــــ ناظم انتظامیہ پاکستان سیکورٹی پرنٹنگ کارپوریشن کراچی۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

نیچے دیے ہوئے کوائف کے مطابق نشانِ قائدِاعظم کے ایوارڈ کا چرمی کاغذ تیار کریں اور مورخہ ـــــ کی صبح تک بہرصورت بجوائیے۔

عزت مآب ـــــ
تاریخ ـــــ
مقام ـــــ

# ٹیلکس

از ——— افسرِ صیغہ، کابینہ سیکرٹریٹ، راولپنڈی

بخدمت ——— نائب ناظم (انتظامیہ)

اے۔پی۔او۔ کابینہ سیکرٹریٹ، کراچی۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— جناب ——— کی درخواست برائے تقرری بطور نائب قاصد اس ڈویژن کو ارسال کریں کیونکہ درخواست یہاں موجود نہیں۔



# ٹیلکس

از ——— ناظمِ حسابات کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ——— ناظمِ اعلیٰ، سرشعبہ، آر۔ اینڈ۔ آر کابینہ ڈویژن کراچی۔

نمبر ——— مورخہ ———

ماہ ——— ۱۹ء کا ذاتی کھاتے کا ماہانہ حساب فوراً بھیجیں۔ آئندہ ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک یہ حساب بھیج دیا جائے۔

# ٹیلکس

از ____ افسرِ صیغہ، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

عزت مآب وزیرِ مالیات، حکومتِ سرحد، پشاور

نیز ____ ۱۔ وزیرِ منصوبہ بندی، حکومتِ سرحد، پشاور

۲۔ معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سرحد، پشاور

۳۔ اضافی معتمدِ اعلیٰ، محکمۂ منصوبہ بندی و ترقیات حکومتِ سرحد، پشاور۔

نمبر ____ مورخہ ____

فون نمبر ____ یا بذریعہ ٹیلکس، اسلام آباد میں منعقد ہونے والے مجلسِ عاملہ، قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں شرکت کی تصدیق کریں۔ ازحد ضروری۔



# ٹیلکس

از ____ معتمد/نائب منصرم، تولیت بورڈ، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ____ ناظم سر شعبہ آرڈ اینڈ آر کابینہ ڈویژن، لاہور۔

نمبر ____ مورخہ ____

____ صاحبان ہیکسٹائل مل محدود کے مقدمہ زیر دفعہ ۱۶۲ ملتوی بعدالت کمپنی جج لاہور کے ضمن میں نوٹس نمبر ____ کی نقل نائب منصرم تولیت بورڈ راولپنڈی کے پاس لے جائیں۔ مقدمے کی تاریخ ____ مقرر کی گئی ہے (۲) نقل پی۔ آئی۔ اے کارگو کے ذریعے بھیجی جاسکتی ہے۔ متعلقہ دفتر کا فون نمبر ____ ہے۔ آج موصول ہونے والے نوٹس کے ساتھ عرضی دعویٰ کی نقل منسلک نہیں ہے۔ فی الفور بھجوائیے۔

# ٹیلکس

از ____ شریک معتمد، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ____ نائب ناظم (انتظامیہ)

اے۔پی۔او، کابینہ ڈویژن، کراچی۔

نمبر ____ مورخہ ____

بحوالہ ٹیلکس نمبر ____ مورخہ ____ جو تولیت بورڈ کراچی میں ایک حساب دار اور ایک افسرِ حسابات کی تقرری کے بارے میں تھا۔ متعلقہ نائب ناظم سے گفتگو کے دوران معلوم ہوا کہ جناب ____ نے گریڈ ۱۶ میں حساب دار کی اسامی منظور کرتے سے معذرت کرلی ہے۔ چنانچہ جناب ____ کو جو نظامتِ محاسبہ، محکمۂ صنعت و خوراک، کراچی میں مستعار الخدمتی پر ہیں، اس اسامی پر بطور حساب دار تعینات کر دیا جائے۔ اے۔پی۔او کراچی کے لیے افسرِ حسابات کی تقرری کا معاملہ عسکری حساب دارِ اعلیٰ کے ساتھ طے کیا جا رہا ہے۔



# ٹیلکس

از ____ شریک معتمد، کابینہ ڈویژن، حکومت پاکستان، راولپنڈی

بخدمت ____ قونصلر تعلیم، پاکستانی سفارت خانہ، لندن۔

نمبر ____ مورخہ ____

بحوالہ نیم سرکاری مراسلہ نمبر ____ مورخہ ____ جو لندن میں منعقد ہونے والی کانفرنس کے بارے میں تھا میں مورخہ ____ کو پرواز نمبر ____ کے ذریعے اسلام آباد سے اسی تاریخ کو لندن پہنچ رہا ہوں۔ اپنے ڈویژن کے جناب ____ کو ہدایت کریں کہ وہ جناب ____ کو میری آمد کے بارے میں فون کر دیں۔ برطانوی لائبریری کے جناب ____ اور جناب ____ کو بھی مطلع کر دیں۔ پیغام کی توثیق کریں۔

# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

توجہ ـــــ گروپ کپتان ـــــ منتظمِ اعلیٰ (تربیت)

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جس کے ذریعے جناب ـــــ ، ہوائی ٹریفک کنٹرول افسر کے کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ گذشتہ تین سالوں کی خفیہ رپورٹیں منسلک نہیں۔ فوراً بھجوایئے۔ از حد ضروری ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی

نیز ـــــ ناظمِ انتظامی، پی۔آئی۔اے۔ کارپوریشن، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

معتمدِ اعلیٰ دفاع نے خواہش ظاہر کی ہے کہ انھیں پی۔آئی۔اے اور ادارۂ شہری ہوابازی کے سالانہ ترقیاتی منصوبوں برائے سال ـــ ۱۹ء کے بارے میں ایک بریفنگ وزارتِ دفاع، سیکرٹریٹ II۔ راولپنڈی میں مورخہ ـــــ کو مندرجہ ذیل تقسیم الاوقات کے مطابق دی جائے:

۱۔ ادارۂ شہری ہوابازی ـــــ دس بجے صبح

۲۔ پی۔آئی۔اے ـــــ ۱۱ بجے صبح

سالانہ ترقیاتی منصوبوں کے تیکنیکی اور منصوبہ بندی کے پہلوؤں سے پوری طرح باخبر افسروں کو اس کام کے لیے مامور کریں۔

# ٹیلکس

از ——— مُعتمد کابینہ

بخدمت ——— ناظم ترقیاتی، انتظامیہ ڈویژن،

محکمۂ تکنیکی تعاون برائے ترقی، نیویارک۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— آپ کی پہلی ٹیلکس مورخہ ——— موصول نہیں ہوئی۔ مذکورہ کام کی حکومت سے اجازت لینے میں مجھے قریباً دو ہفتے لگ جائیں گے۔ جواب یکم مئی تک ہی بھیجا جاسکتا ہے۔ منظور ہو تو آگاہ کیجیے۔ اس اثنا میں مندرجہ موضوع پر تیاری کر رہا ہوں۔



# ٹیلکس

از ——— افسر صیغہ کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ——— نائب محاسبِ اعلیٰ (انتظامیہ)

دفتر محاسب اعلیٰ پاکستان، لاہور۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— اور ٹیلی فونی گفتگو۔
جناب ——— ریٹائر ہونے والے حساب دار اعلیٰ کابینہ ڈویژن کا موزوں نعم البدل مہیا کریں۔

# ٹیلکس

از ——— ہوابازی ڈویژن ، راولپنڈی
بخدمت ——— ناظمِ اعلیٰ ادارۂ شہری ہوا بازی ، کراچی۔
توجہ ——— گروپ کپتان ——— منتظمِ اعلیٰ (تربیت)
نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— تصدیق کریں کہ جناب ——— معاون ٹریفک کنٹرول افسر کے علاوہ کوئی اُمیدوار نامزدگی کے لیے موجود نہیں ہے۔
ازحد ضروری۔



# ٹیلکس

از ——— نائب مُعتمد، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی
بخدمت ——— مُعتمد، محکمۂ اُمورِ ملازمت وانتظامِ عمومی، حکومتِ سرحد، پشاور۔
نمبر ——— مورخہ ———

اپنی حکومت کے نئے اور پُرانے قواعد کار کے پانچ پانچ نسخے فوراً کابینہ ڈویژن کو ارسال فرمائیں۔

# ٹیلکس

از ـــــ ہوا بازی ڈویژن، راولپنڈی
بخدمت ـــــ ناظمِ انتظامی، پی۔ آئی۔ اے۔ کارپوریشن، کراچی۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو ناظمِ اعلیٰ ادارۂ شہری ہوا بازی کی طرف تھا اور نقل آپ کے نام تھی یہ انجینئرنگ کمپلکس کراچی ہوائی اڈہ کے قیام کے لیے پی۔ آئی۔ اے کو زمین کی الاٹمنٹ کے بارے میں تھا۔ ادارۂ شہری ہوا بازی نے معتمد کی ہدایات کے مطابق، پی۔ آئی۔ اے سے مشورہ کرکے، تفصیلی رپورٹ، قدرے ترمیم کے ساتھ بھیجی ہے۔ آپ اس سلسلے میں ایک رپورٹ ترجیحی بنیاد پر ڈویژن ہذا کو ارسال کریں۔



# ٹیلکس

از ـــــ افسر صیغہ، کابینہ ڈویژن۔ راولپنڈی
بخدمت ـــــ معتمد عسکری برائے گورنر سندھ، کراچی۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جو گورنر سندھ کے ذاتی استعمال کے لیے مرسڈیز کار کی درآمد کے لیے تھا۔ تصدیق کریں کہ کیا گورنر کے لیے مخصوص کردہ زرِ مبادلہ میں سے ـــــ روپے مہیا کیے جائیں گے۔

# ٹیلکس

از ـــــــ معتمد، تویت بورڈ، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ نائب ناظم، تویت بورڈ، کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

فیڈرل لاج میں مورخہ ـــــــ کے لیے میرے لیے ایک کمرہ مخصوص کر دیں۔ میں سرکاری کام سے سپیشل جج کی عدالت میں گواہی کے لیے آ رہا ہوں۔



# ٹیلکس

از ـــــــ افسر صیغہ کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ معاون ناظم، رسد

توجہ ـــــــ وزارت صنعت، محکمہ رسد،
خدمات انجینیئری۔ کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

موجودہ ناقابلِ استعمال کار کی جگہ، کابینہ ڈویژن سر شعبہ آر۔ اینڈ۔ آر کے استعمال کے لیے ایک سٹاف کار ٹیوٹا کرولا / ڈاٹسن سنی ۱۳۰۰ سی سی خریدنا چاہتا ہے۔ ضروری تصدیق نامہ عدمِ اعتراض ترجیحی بنیاد پر جاری کیا جائے۔ معتمد کابینہ کے لاہور کے قیام کے لیے گاڑی فوراً درکار ہے۔

# ٹیلکس

از ———— تعمیرات ڈویژن، اسلام آباد۔
بخدمت ———— اضافی افسرِ املاک، حکومت پاکستان، کراچی۔
نمبر ———— مورخہ ————

بحوالہ دیوانی مقدمہ نمبر ———— بعدالت سینئر سول جج کراچی۔ انصاف ڈویژن ذیلی دفتر، کراچی سے مشورہ کر کے مقدمہ کی پیروی کرے۔



# ٹیلکس

از ———— تعمیرات ڈویژن، اسلام آباد
بخدمت ———— اضافی افسرِ املاک، دفترِ املاک، کراچی۔
نمبر ———— مورخہ ————

بحوالہ مقدمہ نمبر ———— بعدالت سندھ ہائی کورٹ کراچی۔ بنام اضافی افسرِ املاک کراچی۔ انصاف ڈویژن ذیلی دفتر کراچی سے مشورہ کر کے مقدمے کی پیروی کرے۔

# ٹیلکس

از ——— نظامتِ صحت، کراچی

بخدمت ——— معاونِ افسرِ صحت

ہوائی اڈہ محکمۂ صحت، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

عمومی فیلوشپ سے متعلق، مقررہ فارم پر کوائف مع متعلقہ کاغذات براہِ راست صحت ڈویژن اسلام آباد کو بھیجیں اور نظامت کو مطلع کریں۔ از حد ضروری۔



# ٹیلکس

از ——— نائب مُعتمد، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ——— مُعتمد اعلیٰ، صوبہ سرحد

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ کابینہ ڈویژن اعلان نمبر ——— مورخہ ——— جو تشکیل کمیٹی برائے اُردو ذریعۂ تعلیم کے بارے میں تھا۔ آپ کے نمائندے کی نامزدگی کا ابھی تک انتظار ہے۔ فوراً بھیجیے تاکہ اجلاس منعقد کیا جاسکے۔

# ٹیلکس

از ـــــ مہتمم انجینئر، محکمہ تعمیرات عامہ اسلام آباد

بخدمت ـــــ اعلیٰ انجینئر (جنوبی)، محکمہ تعمیرات عامہ، کراچی۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ سابقہ ٹیلکس یاد دہانی نمبر ـــــ مورخہ ـــــ بابت مسودہ سالانہ ترقیاتی منصوبہ چونکہ مواد کی فراہمی میں غیر معمولی تاخیر ہو چکی ہے اس لیے اعداد و شمار اب اسی دفتر میں میزانیہ ـــــ ۱۹ء اور نظر ثانی شدہ میزانیہ تخمینہ برائے سال ـــــ ۱۹ء کے اعداد و شمار کی بنیاد پر ترتیب دیے جا رہے ہیں۔ مسودہ میں کمی کی صورت میں متعلقہ ذیلی دفاتر خود ذمہ دار ہوں گے۔



# ٹیلکس

از ـــــ ناظم اعلیٰ (پی اینڈ ایس)

وزارت مواصلات، کراچی

برائے ـــــ اقتصادی امور ڈویژن، اسلام آباد۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

برائے جناب ـــــ افسر صیغہ () بحوالہ دفتری یادداشت نمبر ـــــ مورخہ ـــــ بابت پیشہ ورانہ جہاز رانی پر فیلوشپ پروگرام برائے سال ـــــ ۱۹ء معتمد وزیر مواصلات کی منظوری سے مندرجہ ذیل افسران، مذکورہ بالا کورس کے لیے نامزد کیے جا رہے ہیں:

۱۔ جناب ـــــ افسر صیغہ، اصل امیدوار
سر شعبہ بندرگاہ و جہاز رانی

۲۔ جناب ـــــ افسر تجارت

# ٹیلکس

از ــــــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ــــــــ ناظم اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوابازی، کراچی۔

نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ بابت سہ سالہ منصوبہ برائے سرکاری شعبہ منصوبہ بندی و ترقیات ڈویژن نے خواہش ظاہر کی ہے کہ مذکورہ بالا منصوبہ، جو چھٹے منصوبے میں ــــــــ ۱۹ء کے دوران عمل درآمد کے لیے شامل ہونا تھا، وسائل کی کمی کے باعث شامل نہ ہوسکا۔ منصوبہ برائے ــــــــ ۱۹ء کے ہمراہ ان کی علیحدہ فہرست مورخہ ــــــــ تک ارسال کی جائے۔



# ٹیلکس

از ــــــــ افسر صیغہ (ایوارڈ) کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ــــــــ انڈر سیکرٹری، پولیس، حکومتِ پنجاب، لاہور۔

نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ بجو جناب ــــــــ مرحوم کے لواحقین کو تمغۂ شجاعت کے ساتھ منسلک مالی فوائد کی ادائیگی کے بارے میں تمام مطلوبہ معلومات جلد فراہم کیجیے۔ انسپکٹر جنرل پولیس کا مراسلہ نمبر ــــــــ مورخہ ــــــــ بھی ملاحظہ فرمائیں۔

# ٹیلکس

از ——— شریک معتمد، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ——— معتمد، محکمۂ امورِ ملازمت و انتظامِ عمومی حکومتِ بلوچستان، کوئٹہ۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— بابت صدارتی فرمان نمبر ——— ۱۹ء۔ جو سرکاری ملازموں کی بیرونِ ملک بین الاقوامی اجلاسوں، کانفرنسوں، ورکشاپوں اور سیمیناروں میں شمولیت کے بارے میں ہے۔ امور عملہ ڈویژن کا مقرر کردہ طریقِ کار جو بیرونِ ملک تربیت کے لیے ہے، بدستور نافذ رہے گا۔



# ٹیلکس

از ——— مشیر برائے بازارکاری زراعت و حیوانات، کراچی

بخدمت ——— معتمدِ اضافی برائے حکومت پاکستان، وزارت زراعت و خوراک، اسلام آباد

نیز ——— افسرِ صیغہ (چینی) وزارتِ خوراک و زراعت، اسلام آباد۔

نمبر ——— مورخہ ———

ہفتہ مختتمہ مورخہ ——— کے دوران چینی کے نرخ۔ اوسط تھوک قیمت کراچی میں مبلغ ——— لاہور: مبلغ ——— ملتان: مبلغ ——— سرگودھا: مبلغ ——— راولپنڈی: مبلغ ——— پشاور: مبلغ ——— اور کوئٹہ: مبلغ ———۔ پرچون قیمت کراچی: مبلغ ——— لاہور: مبلغ ——— ملتان: مبلغ ——— سرگودھا: مبلغ ——— راولپنڈی: مبلغ ——— پشاور: مبلغ ——— اور کوئٹہ: مبلغ ———

# ٹیلکس

از ـــــ گیمن پاکستان لمیٹڈ، راولپنڈی

برائے ـــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)

نقل برائے ـــــ معتمد اضافی (انتظامیہ) وزارتِ خارجہ، اسلام آباد۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

ہمارے ناظم اور منتظمِ اعلیٰ جناب ـــــ کل لندن روانہ ہو گئے ہیں تاکہ آپ کی مشاورتی کمیٹی کے بلائے گئے اجلاس میں شرکت کر کے منصوبے کی موجودہ صورتِ حال کے تمام پہلوؤں پر غور کر سکیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ ہماری جائز ادائیگیاں جاری کر دیں جو ازحد ضروری اخراجات مثلاً مزدوروں کی اُجرتوں وغیرہ پر صرف ہوں گی۔ آپ اگر چاہیں تو اپنی مشاورتی کمیٹی کے ذریعے ہمارے اخراجات کی نگرانی کر سکتے ہیں۔



# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ـــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــ مورخہ ـــــ بابت چندہ برائے اسلامک شپ اونرز ایسوسی ایشن۔ انجمن سے اس کے میزانیہ اور پاکستان کے منظور شدہ حصّے کے بارے میں تصدیق کریں۔ ازحد ضروری۔

# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
برائے ـــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــ مورخہ ـــــ اور نمبر ـــــ مورخہ ـــــ بابت فراہمی ٹیلی فون سیٹ برائے جناب ـــــ قونصلر جنرل پاکستان، جدہ۔ ٹیلی فون سیٹ قونصلر جنرل کو فی الفور فراہم کریں جس کی اشد ضرورت ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
برائے ـــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

وزیرِ اعظم کی طرف سے سعودی ولی عہد کو قومی دن کے موقع پر مندرجہ ذیل پیغام پہنچا دیں۔

"عالی مرتبت شہزادہ ولی عہد!

سعودی عرب کے قومی دن کے مبارک موقع پر میں پاکستان کی حکومت، عوام اور اپنی طرف سے سعودی حکومت۔ سعودی بھائیوں اور آپ کی خدمت میں پرجوش مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

ہمارے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات، جو گہری دوستی اور باہمی تعاون پر مبنی ہیں، بڑھتے رہیں گے اور انشا اللہ آنے والے برسوں میں مضبوط تر ہوتے رہیں گے۔

میں اللہ کے حضور آپ کی صحت اور سعودی عرب کے عوام کی مسلسل بہتری اور خوش حالی کے لیے دعا گو ہوں۔

# ٹیلکس

از ــــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
برائے ــــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ــــــ مورخہ ــــــ بابت ادائیگی معاوضہ وفات ــــــ مرحوم۔ تصدیق نامۂ جانشینی کے حامل کو مذکورہ بالا رقم دلانے کی کوشش جاری رکھی جائے۔ اگر مرحوم کے والد کے پاس کوئی دیگر تصدیق نامۂ جانشینی ہے تو اس سے پیدا شدہ پیچیدگی سے نمٹنے کے لیے صورتِ حال کو قانونی تقاضوں کے مطابق سنبھالا جا سکتا ہے۔ معاملے کی موجودہ صورتِ حال سے مورخہ ــــــ تک باخبر کریں تاکہ وفاقی محتسب کو رپورٹ دی جا سکے۔



# ٹیلکس

از ــــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
برائے ــــــ پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر ــــــ مورخہ ــــــ

۱۔ بحوالہ ٹیلکس نمبر ــــــ مورخہ ــــــ بابت ادائیگی معاوضہ وفات جناب ــــــ مرحوم ولد ــــــ

۲۔ وفاقی محتسب نے اس معاملے میں مورخہ ــــــ تک تازہ ترین رپورٹ طلب کی ہے۔ بروقت صورتِ حال سے مطلع کریں۔

۳۔ آئندہ ادائیگی معاوضۂ وفات کے تمام معاملات میں، جو آپ کے دائرہ کار میں آتے ہیں، پندرہ روز کے اندر رپورٹ بھیجا کریں تاکہ وفاقی محتسب کے سیکرٹریٹ کو مطلع کیا جا سکے۔

## ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، الجزائر۔

نمبر ——— مورخہ ———

غیر ملکیوں کے فرانس میں داخلے اور قیام پر پابندیوں کے ضمن میں حکومتِ فرانس نے اعلان کیا ہے کہ سفارتی اور سرکاری پاسپورٹ کے حامل تمام پاکستانی شہری فرانس میں داخلے کے لیے ویزا حاصل کریں۔ یہ حکم، تاحکمِ ثانی نافذ رہے گا۔

۲۔ آپ کی اطلاع اور رہنمائی کے لیے۔



## ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، الجزائر۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— بابت بھرتی چار پاکستانی پروفیسر برقی انجینیری برائے قومی ادارۂ الیکٹرانکس و برقی انجینیری بومرداس الجزائر۔ وزارتِ تعلیم اور جامعاتی عطیات کمیشن سے ہماری گفت و شنید جاری ہے۔ متعلقہ حکام سے جواب موصول ہوتے ہی آپ کو مطلع کر دیا جائے گا۔

# ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، الجزائر۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— فیصلہ کیا گیا ہے کہ اس سال سالانہ میلہ مورخہ ——— کو منعقد ہو گا۔ تیاری اور وسائل کی فراہمی کے لیے وقت کم ہے۔ تاہم اُمید ہے کہ آپ عطیات، نقد یا جنس کی صورت میں جلد بھیج دیں گے۔



# ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، ریاض (سعودی عرب)۔

نیز ——— پاکستانی نمائندہ، جدہ

نمبر ——— مورخہ ———

——— ولد ——— پوسٹ بکس نمبر ——— جدہ کو گرفتار کر لیا گیا ہے اور وہ اس وقت مُبیّنہ طور پر ——— جیل جدہ میں محبوس ہے۔ اُسے مورخہ ——— کو گرفتار کیا گیا تھا۔ اُس کا کارڈ نمبر ——— ہے۔

۲۔ جناب ——— ممبر قومی اسمبلی نے اس معاملے کی طرف جناب ——— وزیرِ مملکت برائے امورِ خارجہ کی توجہ دلائی ہے۔ وزیرِ موصوف نے خواہش ظاہر کی ہے کہ آپ وجہ معلوم کریں اور بذریعہ ٹیلکس مطلع کریں کہ ——— کیوں گرفتار ہوا ہے۔ نیز اُس کی رہائی کے لیے مناسب اقدام کریں۔

# ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— پاکستانی سفارت خانہ، ریاض / جدہ۔

نمبر ——— مورخہ ———

بحوالہ پاکستانی سفارت خانہ جدہ کا نوٹ نمبر ——— مورخہ ——— جو سعودی وزارتِ خارجہ کو ——— مرحوم ولد ——— کے خوں بہا کے بارے میں لکھا گیا جو مورخہ ——— کو سعودی ہوائی کمپنی ٹرائی سٹار (ایس وی ۱۶۳) کے حادثے میں ریاض کے ہوائی اڈے پر جاں بحق ہو گئے تھے۔

۲۔ ——— مرحوم کے والد نے وفاقی محتسب کو شکایت کی ہے کہ خوں بہا کی ادائیگی میں تاخیر کی جا رہی ہے جس کا فیصلہ مبلغ ——— سعودی ریال کی صورت میں ہو چکا ہے۔

۳۔ چونکہ تمام مراحل طے ہو چکے ہیں اور مختار نامہ اور تصدیق نامۂ وراثت بھی مکمل ہو چکا ہے اس لیے متعلقہ حکام پر جلد ادائیگی کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔ پیش رفت کی رپورٹ بھیجیں تاکہ وفاقی محتسب کو پیش کی جا سکے۔



# ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد

برائے ——— تمام پاکستانی سفارت خانے

نمبر ——— مورخہ ———

(معتمد خارجہ بنام سفیر / ناظم الامور)

اکثر غیر ملکی رہنماؤں نے پان امریکن جہاز کے اغوا کے افسوس ناک واقعہ میں پاکستانی حکام کی کارکردگی کی تعریف کی ہے۔ امریکی صدر، وزیرِ خارجہ اور برطانوی وزیرِ اعظم کے پیغامات وصول ہوئے ہیں۔ مغربی جرمنی کی حکومت نے کہا ہے کہ پاکستانی حکام نے خوفناک خون ریزی سے گریز کیا ہے۔ صرف وزیرِ اعظم بھارت نے پاکستانی حکام پر تنقید کی ہے لیکن اُن کی تنقید ناجائز اور ناروا تھی۔ لندن ٹائمز نے مورخہ ۸ ستمبر کے اداریہ میں اُن کی تنقید کی مذمت کی ہے۔ روزنامہ عرب نیوز ریاض نے راجیو گاندھی پر بلا سوچے سمجھے نتائج اخذ کرنے پر تنقید کی ہے۔

۲۔ صدرِ پاکستان اور وزیرِ اعظم نے اغوا کے جرم کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملزموں کو پاکستانی قانون کے تحت پوری پوری سزا دی جائے گی۔

# ٹیلکس

از ـــــــ قونصلر برائے بہبود، پاکستانی سفارت خانہ، جدّہ

برائے ـــــــ پاکستانی نمائندہ، ریاض (سعودی عرب)۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ بابت وفات ـــــــ (مرحوم)۔ اطلاع دی جاتی ہے کہ سعودی وزارت خارجہ ریاض کی طرف سے مبلغ ـــــــ سعودی ریال کا چیک موصول ہوا تھا۔ محترمہ ـــــــ مرحوم کی بہن کو جنھیں غلطی سے اُن کی بیوہ قرار دے دیا گیا۔ کہا گیا تھا کہ تصدیق نامہ وراثت مروجہ قوانین کے تحت پیش کریں۔ بیرونِ ملک "پاکستانی فاونڈیشن" نے جواباً اطلاع دی کہ مذکورہ بالا خاتون مرحوم کی بہن ہیں اور بیوہ کا نام ـــــــ ہے (۱) چنانچہ اپنے مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ کے ذریعے ہم نے تصحیح کر دی۔ تمام خط و کتابت کی نقول ہمارے دفتر میں موجود ہیں۔



# ٹیلکس

از ـــــــ پاکستانی سفارت خانہ، جدّہ

بخدمت ـــــــ پاکستانی نمائندہ، ریاض

برائے انٹرپول، ریاض (سعودی عرب)۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

آپ کو اطلاع دی جا رہی ہے کہ ایک شخص مسمّی ـــــــ ولد ـــــــ جو ڈاکے اور قتل کے مقدمے میں مطلوب ہے، سعودی عرب میں موجود ہے۔ وہ ایک اور شخص مسمّی ـــــــ ولد ـــــــ کے ساتھ جعلی ویزے کے تحت مقیم ہے جب کہ ویزا ـــــــ نامی ایک شخص کے نام پاکستانی سفارت خانے جدّہ سے جاری کیا گیا تھا۔ اُسے مبلغ آٹھ لاکھ چالیس ہزار سعودی ریال لوٹنے اور قتل کے الزام میں اشتہاری مجرم قرار دیا گیا ہے۔ یہ شخص ایک صاحب جناب ـــــــ ولد ـــــــ مقیم بسم اللہ ہوٹل بلڈنگ جدّہ کے ذریعے تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ان کا ٹیلی فون نمبر ـــــــ ہے۔ التماس ہے کہ اس شخص کو فوراً تلاش کیا جائے اور گرفتار ہو جانے کی صورت میں اس بیورو کو اطلاع دی جائے نیز اُس کے پاکستان منتقل کرنے کے پروگرام کے بارے میں بھی آگاہ کیا جائے۔ اس کی منتقلی کے کاغذات بذریعہ ڈاک بھیج دیے جائیں گے۔

# ٹیلکس

از ـــــــ ناظم حج، اسلام آباد
برائے ـــــــ پاکستانی سفارت خانہ، جدّہ۔

نمبر ـــــــ مرحوم حاجی ـــــــ ولد ـــــــ
پاسپورٹ نمبر ـــــــ کی نقد رقم و سامان کے بارے میں ہمارے ٹیلکس نمبر ـــــــ
مورخہ ـــــــ کی طرف توجہ کریں۔ کئی یاد دہانیوں کے باوجود معاملہ ابھی تک
تصفیہ طلب ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے سخت نوٹس لیا اور ہدایت کی ہے کہ
دس دن کے اندر معاملہ نمٹائیں۔ ذاتی توجہ دیں اور ضروری کارروائی کے بعد وزارت کو
جلد رپورٹ ارسال کریں۔



# ٹیلکس

معاون معتمد (این سی ایس بی)،
از ـــــــ کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ ناظمِ اعلیٰ، وزارتِ صنعت، محکمۂ رسد، کراچی۔
نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ جناب ـــــــ
شریک معتمد (ایم ڈبلیو) اور جناب ـــــــ کے درمیان ٹیلی فونی گفتگو۔
کابینہ ڈویژن کا ارادہ جاپان سے براہِ راست تین ہونڈا اکارڈ ماڈل ۸۵ء اپنے کار ول
کے مرکزی پول کے لیے درآمد کرنے کا ہے (۔) مرکزی محاصل بورڈ نے کسٹم محصول وغیرہ
سے مستثنیٰ کرنے کی منظوری دے دی ہے (۔) آپ سے استدعا کہ تصدیق نامہ عدمِ اعتراض
فوری جاری کر دیں (۔)

# ٹیلکس

از ـــــ افسر صیغہ (انتظامیہ - ۱)،

کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ نائب معتمد، قومی دستاویزی مرکز، لاہور۔

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ میرے اور شریک معتمد (رابطہ) کے مابین محترمہ بیگم ـــــ، افسر تحقیق کی سالانہ خفیہ رپورٹوں کے متعلق ٹیلی فونی گفتگو (-) بیگم ـــــ کی سالانہ خفیہ رپورٹ برائے سال ـــــ جناب ـــــ سے موصول ہو گئی ہے (-) صرف ـــــ ۱۹ کی سالانہ خفیہ رپورٹ بذریعہ ہوائی تھیلہ ارسال کریں اس سالانہ خفیہ رپورٹ کی عدم دستیابی کے سبب معاملہ رکا ہوا ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ ہوا بازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــ ناظمِ اعلیٰ، ادارۂ شہری ہوا بازی

توجہ ـــــ گروپ کپتان ـــــ ہنتظمِ اعلیٰ (تربیت)

نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ مراسلہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ جس کے ہمراہ جناب ـــــ کے کاغذاتِ نامزدگی بھیجے گئے تھے (-) نامزد کے متعلق گذشتہ تین سال کی سالانہ خفیہ رپورٹ کا خلاصہ موصول نہیں ہوا (-) ترمیم شدہ فارم ظاہر کرتا ہے کہ ان کی مدتِ ملازمت صرف ایک سال ہے (-) اس کی توثیق کریں۔ توسیع ملازمت یا شدید منزلانہ ہونے کا تصدیق نامہ بھی کاغذاتِ نامزدگی کے ساتھ منسلک نہیں (-) متبادل اُمیدوار کی عدم دستیابی بھی ظاہر کریں (-) اشد ضروری (-)

# ٹیلکس

از ——— مُہتمم ———،

بخدمت ——— نائب ناظم، اے۔ پی۔ او، کراچی۔

نمبر ——— مورخہ ———

کابینہ ڈویژن کے کچھ افسران و اہل کار تولیت بورڈ کراچی میں مستعار الخدمتی پر بھیجے گئے تھے (۰۱) ان کی مدت توسیع آخر مئی ——— ۱۹ء میں مکمل ہوتی ہے (۲) مزید توسیع نہ ملنے پر انہیں اپنے اصل محکمہ میں واپس آنا پڑے گا۔ ان تمام معاملات پر نظر ثانی کے بعد فوری رپورٹ ارسال فرمائیں۔



# ٹیلکس

بخدمت ——— معتمدِ اعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ

از ——— مُعتمد کابینہ، کابینہ ڈویژن، حکومتِ پاکستان، راولپنڈی۔

نمبر ——— مورخہ ———،

حوالہ مراسلہ نمبر ——— مورخہ ——— بلوچستان کے وفاقی وزراء وفاقی عہدیداروں کے لیے دو ماہ تک کی مقررہ شرح کے مطابق بلوچستان ہاؤس، اسلام آباد میں ٹھہرائے جائیں گے۔

# ٹیلکس

از ـــــــ افسرِ صیغہ، کابینہ ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ اضافی معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ پنجاب، لاہور

اضافی معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سندھ، کراچی

اضافی معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سرحد، پشاور

اضافی معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ بلوچستان، کوئٹہ۔

نمبر ـــــــ مورخہ

قومی اقتصادی کونسل کی انتظامیہ کمیٹی کی میٹنگ بروز منگل مورخہ ـــــــ بوقت ساڑھے نو بجے منصوبہ بندی ڈویژن کے آڈیٹوریم میں مقرر کی گئی ہے (۔) میٹنگ کے قرطاس کار بھیج دیے گئے ہیں (۔) وزیرِ خزانہ اور وزیرِ منصوبہ بندی کے لیے قرطاسِ کار علیحدہ بھی بھیجے گئے ہیں (۔) یہ کاغذات تقرری کی صورت میں اِن وزراء کو دے دیں اور ان کے ناموں سے بھی مطلع کریں۔



# ٹیلکس

از ـــــــ مُعتمدِ کابینہ، کابینہ سیکرٹریٹ، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ معتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سندھ، کراچی

نیز ـــــــ مُعتمد/منصرمِ اعلیٰ محکمۂ اوقاف، حکومتِ سندھ، کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ ٹیلکس نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ گذارش ہے کہ ان متروکہ وقف جائدادوں کی تفصیل بھیجیے جن کے مالکانہ حقوق صوبائی حکومت نے کابینہ کے کیس نمبر ـــــــ ہر فیصلے کے مطابق قابض مذہبی اداروں کو منتقل کر دیے ہیں۔ تفصیل میں ادارے کا نام، مالکانہ حقوق کی تاریخ منتقلی جائداد کے کوائف و جس قیمت پر منتقل کی گئی، شامل ہونے چاہئیں (۔) اگر مذکورہ بالا کابینہ کے فیصلے کے مطابق کوئی منتقلی عمل میں نہیں آئی تو ایسا نہ کرنے کی وجوہ بذریعہ ٹیلکس بتائیں۔

# ٹیلکس

از ـــــــ افسرِ صیغہ، تعمیرات ڈویژن، اسلام آباد

بخدمت ـــــــ اضافی افسرِ املاک، دفترِ املاک، کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

بحوالہ یادداشت نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ کوارٹر نمبر ـــــــ مارٹن روڈ کراچی کا کرایہ نقد جمع کرانے کے متعلق (۱) پیش رفت سے جلد آگاہ کریں تاکہ وفاقی محتسب کو مطلع کیا جا سکے۔



# ٹیلکس

از ـــــــ ہوابازی ڈویژن، راولپنڈی

بخدمت ـــــــ فورس کمانڈر، ایئرپورٹ سیکورٹی فورس، کراچی۔

نمبر ـــــــ مورخہ ـــــــ

حوالہ ـــــــ دورۂ نائب ناظم (انتظامیہ) اور سیکورٹی افسر مورخہ

بسلسلہ تیاری سالانہ ترقیاتی منصوبہ: ۸۵ - ۱۹۸۶ء

وزارت کے متعلقہ افسران سے گفت گو کے بعد ایئرپورٹ سیکورٹی فورس کے نمائندوں کو مشورہ دیا گیا تھا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کو نئی شکل دی جائے تاکہ اگلے یومِ کار پر شریکِ مُعتمد سے اس کی منظوری حاصل ہو سکے۔ ایئرپورٹ سیکورٹی فورس کا نمائندہ شریکِ مُعتمد سے گفتگو کے لیے سالانہ ترقیاتی پروگرام نہیں لایا بلکہ اس کی تین نقول ڈاک سے موصول ہوئیں جس پر سیکورٹی افسر کے دستخط تھے۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام کو پڑھنے کے بعد کچھ ابہام پایا گیا۔ جس کی وضاحت حاکم مجاز کی منظوری کے لیے پیش کرنے سے پہلے کی جائے۔ اپنے متعلقہ افسر کو بھیج کر رابطہ قائم کرے۔

# ٹیلکس

از ——— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
بخدمت ——— وزارتِ خارجہ، کراچی۔
نمبر——— مورخہ ———

صدر سری لنکا کی دعوت پر وزیرِ اعظم نے گورنر سندھ کا اپنے فوجی مُعتمد، بیٹی اور داماد کے ہمراہ ۹ دسمبر تا ۱۶ دسمبر سری لنکا کا دورہ منظور کر لیا ہے۔ دورے کے لیے رقم اور زرِ مبادلہ کے انتظام کی ضروری ہدایات مُعتمدِ اعلیٰ، حکومتِ سندھ کو جاری کر دی ہیں اور اس کی اطلاع گورنر کے فوجی مُعتمد کو بھی دے دی ہے۔ ہمارا ٹیلکس نمبر ——— مورخہ ——— بھی ملاحظہ ہو۔ کارروائی کے سلسلے میں گورنر سندھ کے فوجی مُعتمد اور مُعتمدِ اعلیٰ کے ساتھ رابطہ کریں تاکہ انتظامات کو آخری شکل دی جائے اور وہ حسبِ پروگرام سری لنکا روانہ ہو سکیں۔



# ٹیلکس

از ——— افسرِ صیغہ ———
بخدمت ——— نمائندہ پاکستان، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر——— مورخہ ———
برائے ——— اتاشی جماعتی بہبود منجانب افرادی قوت ڈویژن
وہائٹ آفس برائے تجارت پوسٹ بکس نمبر

ریاض سعودی عرب نے بذریعہ اپنے ناظمِ انتظامی جناب ——— حامل یمنی پاسپورٹ نمبر ——— المدد ایمپلائمنٹ کنسلٹینٹ کراچی کے ساتھ ۲۱۶ مختلف قسم کے مزدور مہیا کرنے کا معاہدہ کیا ہے۔ مذکورہ ایجنسی کے بارے میں تحقیق کر کے مُطلع کریں۔ جواب بذریعہ ٹیلکس۔

# ٹیلکس

از —— وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
بخدمت —— نمائندہ پاکستان، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر —— مورخہ ——
برائے —— معتمد خارجہ برائے سفیر

جناب —— سروے انجینیئر سعودی وزارتِ مواصلات ہیل کو مبینہ طور پر پولیس نے نامعلوم الزامات کی بنا پر گرفتار کیا ہے۔ پاکستان میں اِن کے بھائی کا کہنا ہے کہ وہ نو سال سے اچھی شہرت رکھتے تھے۔ معاملے کی تحقیق کے بعد سعودی حکامِ مجاز سے رابطہ قائم کریں اور صورتِ حال سے مطلع فرمائیں۔



# ٹیلکس

از —— معاونِ مشیرِ تعلیم —— اسلام آباد
بخدمت —— نمائندۂ پاکستان، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر —— مورخہ ——

بسلسلہ بین الاقوامی سکول ریاض کے پرنسپل کا تقرر (۔) کابینہ کے فیصلے کے مطابق تدریسی عملے کی تمام بھرتی صرف وزارتِ تعلیم کے دائرۂ اختیار میں ہے۔ اس ضمن میں وزارتِ خارجہ کا بھرتی کی حکمتِ عملی سے متعلق مراسلہ نمبر —— مورخہ —— دیکھیں۔ سمندر پار ملازمت کارپوریشن سے درخواست واپس لیں اور اس وزارت کو مزید کارروائی کے لیے بھیجیں۔ سمندر پار سکولوں کے سربراہان / اساتذہ کی بھرتی کا اشتہار دیا جا رہا ہے۔ فہرستیں جلد مہیا کر دی جائیں گی۔

# ٹیلکس

از ـــــ وزارت خارجہ، اسلام آباد
بخدمت ـــــ نمائندہ پاکستان ، جدّہ (سعودی عرب)۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ
قونصل اعلیٰ، منجانب: ناظمِ اعلیٰ (پی)

بحوالہ نمبر ـــــ مورخہ ۔ جناب ـــــ کو سبکدوش کرنے اور ہیڈکوارٹر واپس بھیجنے سے متعلق آپ کی تجویز منظور ہو گئی ہے۔



# ٹیلکس

از ـــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
بخدمت ـــــ نمائندہ پاکستان ، بیجنگ (چین)۔
نمبر ـــــ مورخہ ـــــ

بحوالہ نمبر ـــــ مورخہ ـــــ قائم مقام معتمد خارجہ جناب ـــــ بسلسلہ اجراء تصدیق نامہ عدم مطالبہ۔ ہذکورہ تصدیق نامہ بذریعہ بیگ فی الفور بھیجیے (۔)

# ٹیلکس

از ــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
بخدمت ــــ نمائندۂ پاکستان، سنگاپور۔
نمبر ــــ مورخہ ــــ
ناظم الامور منجانب ڈائریکٹر (ایس ای اے پی)

بحوالہ نمبر ــــ مورخہ ــــ بسلسلہ مقامی کونسلوں کے گیارہ رکنی وفد کا ۵ تا ۱۲ جنوری دورۂ سنگاپور۔ مجوزہ دورے سے متعلق سنگاپور کے حکام مجاز کا جواب معلوم کریں۔ ایک وفد کے سربراہ قومی اسمبلی کے ڈپٹی سپیکر جناب ــــ ہوں گے۔



# ٹیلکس

از ــــ وزارتِ خارجہ، اسلام آباد
بخدمت ــــ نمائندۂ پاکستان، ریاض (سعودی عرب)۔
نمبر ــــ مورخہ ــــ

